© rasailojaraid.com



مسیحیوں کی اقلیت کے مفادات کے تحفظ کے لئے ایک علیحدہ کرسچین بینا لٹی بورڈ مقرر کر کے ہر صوبہ میں اس کی صوبائی شاخیں تشکیل کی جائیں۔" روزنامہ جنگ ص ۳ ۲۵ اگست ۱۹۷۴ء

طارم ولسن رہنما کرسچین ڈیموکریٹک پارٹی نے بیان جاری کیا۔ کہ ہم ہر شعبہ میں آبادی کے تناسب سے حق نمائندگی کا فطری حق چاہتے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ہماری آبادی پون کروڑ (پچھتر لاکھ) ہے جس میں چالیس لاکھ ووٹر ہیں۔ اس لئے اسی تناسب سے اقلیتوں کے انتخابی حلقے مخصوص کئے جائیں۔" روزنامہ (جنگ کراچی ص ۴۔ ۲۶ دسمبر ۷۷ء) یہ شور و غوغا اس لئے کیا جا رہا ہے کہ حکومت کو مرعوب کیا جائے۔ ایک مسیحی رہنما کہتا ہے کہ عیسائیوں کی آبادی ۶۰ لاکھ ہے دوسرا کہتا ہے ۷۵ لاکھ ہے ع

خامہ انگشت بدنداں ہے اسے کیا کہئے

اول تو حکومت کا فرض تھا کہ ان کے جواب میں سرکاری اعلان جاری کرتی۔ مگر وہاں تو خاموشی طاری ہے۔ اس لئے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس جھوٹ کے پلندے کی قلعی کھولے اور اس دجل و تلبیس کو طشت از بام کرے۔ پاکستان میں ۱۹۶۱ء میں مردم شماری کی رپورٹ کے مطابق عیسائیوں کی آبادی ۵۸۳۸۸۴ تھی۔ جب کہ ۱۹۷۲ء میں یہ بڑھ کر ۹۰۷۸۶۱ (نو لاکھ) ہو گئی (بحوالہ رپورٹ مردم شماری حکومت پاکستان ۱۹۶۱ء ۱۹۷۲ء) یہ اضافہ بھی خطرناک اور تشویشناک ہے۔

ہم اعلان کرتے ہیں کہ اگر کوئی مسیح یہ ثابت کر دے کہ پاکستان میں عیسائیوں کی آبادی ۷۵ یا ساٹھ لاکھ ہے تو ہم اُسے مبلغ دس ہزار روپے بطور انعام دیں گے۔ اگر وہ ایسا نہیں کر سکتے تو ہماری گذارش ہے کہ پاکستان کو اپنے لئے اور غیر ملکی مسیحی مشنریوں کے لئے اکھاڑہ نہ بنائیں۔ پاکستان کی نظریاتی حدود کا احترام اور ادب کریں۔ یہاں تثلیث پرست تو رہ سکتے ہیں مگر تثلیث کا پرچار نہیں کر سکتے۔

اسلامی مشن سنت نگر۔ لاہور

**جناب ابو معاویہ مرحوم** | ہمارے مخلص کرم فرما جناب ڈاکٹر محمد ایوب قادری پی ایچ ڈی کراچی کے گرامی نامہ سے ان کے برادر محترم جناب محمد نعمت اللہ قادری عرف ابو معاویہ صاحب کے انتقال کی المناک اطلاع ہوئی۔ مرحوم ۲۰ مارچ کو بس کے ایک حادثہ میں شدید زخمی ہو کر ۲ اپریل ۸۱ء کو واصل بحق ہوئے۔ مرحوم کی زندگی اسلامی کتابوں رسائل اور لٹریچر کی ترویج اور اشاعت میں صرف ہوئی۔ حق تعالیٰ علم کے اس بے لوث خادم کو اعلیٰ علیین میں بہترین مقامات سے نوازے۔ قارئین سے بھی دعا کی درخواست ہے۔ ادارہ

**آہ مولانا فضل سبحان مرحوم** | ۱ صفر منگل گیارہ بجے علاقہ کے مشہور صاحب فتوٰی عالم حضرت مولانا فضل سبحان صاحب [illegible] انتقال کر گئے۔ نماز جنازہ مولانا محمد عبید اللہ العباسی نے پڑھایا۔ اپنے گاؤں جڈبا علاقہ چکیسر میں مدفون حضرت مولانا عبد الغفور العباسی مہاجر مدینہ قدس سرہ کے بھتیجے تھے۔ عمر بھر علاقہ کی دینی۔ اصلاحی اور

(بقیہ صفحہ نمبر ۶۰)



© rasailojaraid.com